فوری ریلیز کے لیے: 26/8/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے سراٹوگا سپرنگز میں یونین ایوینیو کو 'میری لُو وٹنی وے' کے طور پر نامزد کیا

قانونی مسودہ S.6738-A/A.7625-A سراٹوگا سپرنگز شہر میں ریاستی ہائی وے کے نظام کے ایک حصے کو میری لُو وٹنی کے نام سے منسوب کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج سراٹوگا سپرنگز شہر میں ریاستی ہائی وے کے نظام کے ایک حصے کو 'میری لُو وٹنی وے' کے طور پر نامزد کیا۔ یہ گورنر Hochul کے اس سے قبل قانونی مسودے (S.6738-A/A.7625-A) پر دستخط کرنے کی اگلی کڑی ہے جس میں سراٹوگا سپرنگز میں یونین ایونیو کو میری لُو وٹنی کے نام سے منسوب کیا گیا۔

"میری لُو وٹنی کی سراٹوگا کے لیے برسوں کی لگن ہمیشہ زندہ رہے گی، جو ان کے پوری زندگی کیے کام سے جھلکتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "وہ ہر دل عزیز تھیں، اپنے وقت کی قائد تھیں اور ان کی یاد یہاں کی ایک دیرپا میراث رہے گی؛ اور آج ان ہی کے اس محبوب شہر کا ایک ٹکڑا ان کے نام سے منسوب کرنا میرے لیے باعث اعزاز ہے۔ میں وٹنی خاندان کے یہاں پر مسلسل کام کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور میں میری لُو کو ایک اس عہد ساز فرد اور دوست کے طور پر یاد کرنے کے قابل ہونے پر شکر گزار ہوں جو وہ بہت سے لوگوں کے لیے ہیں۔"

میری لُو وٹنی سراٹوگا کے علاقے اور گھوڑ دوڑ کی شوقین کمیونٹی کا جزو خاص تھیں۔ انہوں نے بیک اسٹریچ ملازمین اور ریٹائرڈ تھوربریڈز کے لیے عظیم درجے کی فلاحی کوششیں کیں اور انہوں نے سراٹوگا کاؤنٹی کو اس کی موجودہ صورت میں تشکیل دینے میں انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے سراٹوگا ریس کورس کے کھلے رہنے کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا، اور ان کے گھوڑوں نے کئی دہائیوں تک NYRA سرکٹ پر مقابلوں میں شرکت کی اور بیلمونٹ اور ٹریورس اسٹیکس دونوں میں فتوحات سمیٹیں۔

نیویارک ریسنگ ایسوسی ایشن کے صدر اور چیف ایگزیکٹو افسر David O'Rourke نے کہا، "سراٹوگا ریس کورس کی مسلسل کامیابی میں میری لُو وٹنی سے زیادہ کسی کردار نہیں ہے۔ کلب ہاؤس کے داخلی دروازے کو مسز وٹنی کے نام سے منسوب کر کے اس کھیل اور سیراٹوگا کے لیے ان کی کاوشوں کی یاد منانا NYRA کے لیے باعث اعزاز ہے۔ اور اب آج، میری لُو وٹنی وے، یونین ایونیو کے ساتھ سراٹوگا کے داخلی دروازے کا کردار ادا کرے گا -- جو مسز وٹنی کی شاندار زندگی اور میراث کا احترام جاری رکھنے کا ایک ترین موزوں طریقہ ہے۔"

ریاستی سینیٹر Daphne Jordon نے کہا، "یہ بالکل بجا ہے کہ سراٹوگا سپرنگز کے شہر میں I-87 اور ایسٹ ایونیو کے درمیان ریاستی راستہ P-9 جو ریس کورس کی طرف جاتا ہے اور اس سے ملحق ہے اسے میری لُو وٹنی وے کا نام دیا جائے۔ میری لُو وٹنی کی سخاوت نے ہمارے تاریخی، عالمی شہرت یافتہ سراٹوگا ریس کورس کو اس کی شکل، مضبوطی اور حمایت فراہم کی۔ ان کی حمایت نے ریس کورس کو کھلا رکھنے میں مدد کی اور سراٹوگا میٹ کو سالانہ دس لاکھ سے زائد شائقین کو اپنی جانب کھینچنے میں مدد کی۔ ان کے گھوڑوں کو ٹریورز اسٹیک کے متواتر شرکت کنندگان کے طور پر جانا جاتا تھا اور انہوں نے ان کے مالک کی حیثیت سے فتوحات سمیٹیں اور ایک ممتاز کیریئر بنایا۔ میری لُو ایک نتیجہ خیز شخصیت بھی تھیں جنہوں نے بیک اسٹریچ ملازمین اور ریٹائرڈ تھوروبریڈز کے

لیے فلاحی کام کیے۔ اس کے علاوہ، وہ SPAC کی بانی رکن تھیں، انہوں نے نیشنل میوزیم آف ڈانس قائم کرنے میں مدد کی، نیشنل میوزیم آف ریسنگ کی بحالی کے لیے کام کیا اور سراٹوگا ہسپتال کو کئی سال معاونت فراہم کی۔ میری لُو وٹنی وے، ہمیشہ میری لُو وٹنی اور جو کچھ انہوں نے سراٹوگا سپرنگز میں چھوڑا اس سے منسوب رہے گا ۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے آج اس نامزدگی کا جشن منایا اور اس کو حقیقت بنانے کے لیے میرے سینیٹ کے بل S6738A پر دستخط کیے۔ میں اپنی قانون ساز ساتھی، اسمبلی وومن Woerner، کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے کمپیئن بل کی اسمبلی سے منظوری کو یقینی بنانے میں کام کیا۔"

رکن اسمبلیCarrie Woerner نے کہا، "میری لُو وٹنی، جنہیں نیشنل ریسنگ ہال آف فیم نے 2019 میں "پِلر آف دی ٹرف" کے خطاب سے نوازا تھا، طویل عرصے سے سراٹوگا سپرنگز میں تھوروبریڈز ریسنگ اور ان کا نام لازم و ملزوم تھے۔ تھوروبریڈز کو پالنے والی، ریسنگ کے کھیل کو فروغ دینے والی، اور ایک انسان دوست، مسز وٹنی کا نقش اس شہر اور ریسنگ کے کھیل پر قائم رہے گا۔ مجھے اپنے دور کی عظیم خواتین میں سے ایک کو یہ خراج تحسین پیش کر پانے پر خوشی ہے۔"

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں